[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 5616** **H**

Unique Paper Code : 2142201202

Name of the Paper : Study of Modern Prose I

Name of the Course : **B.A. (Prog.) Urdu – DSC**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔

(الف)

’’میں اپنے دل میں یہ باتیں کرتا ہوا مکان پر آیا۔ کیسا خوش قسمت آدمی ہے؟ کہتا ہے میرا کوئی دوست نہیں۔ اے خوش نصیب شخص! یہیں تو تُو مجھ سے بڑھ گیا، لیکن کیا اس کا یہ قول صحیح بھی ہے؟ یعنی کیا اصل میں اس کا کوئی دوست نہیں جو میرے دوستوں کی طرح اسے دن میں پانچ منٹ کی بھی فرصت نہ دے۔ میں اپنے مکان پر ایک مضمون لکھنے جا رہا ہوں۔ مگر خبر نہیں کہ مجھے ذرا سا بھی وقت ایسا ملے گا کہ میں تخلیے میں اپنے خیالات جمع کر سکوں اور انھیں اطمینان سے قلم بند کر سکوں۔ یا جو اسپیچ مجھے کل دینی ہے اسے سوچ سکوں کیا یہ فقیر دن دہاڑے اپنا روپیہ لے جا سکتا ہے اور اس کا کوئی دوست راستے میں نہ ملے گا اور یہ نہ کہے گا ’بھائی جان دیکھو پرانی دوستی کا واسطہ دیتا ہوں، مجھے اس وقت ضرورت ہے، تھوڑا سا قرض دے دو!‘‘‘

(ب)

''ہمارے مشرب میں داخلیت وہ شے ہے جو جمود پستی اور سہل انگاری کی طرف لے جاتی ہے۔ اور ایسا آرٹ ہمارے لیے نہ انفرادی حیثیت سے مفید ہے اور نہ اجتماعی حیثیت سے۔ مجھے یہ کہنے میں تامل نہیں ہے کہ میں اور چیزوں کی طرح آرٹ کو بھی افادیت کے میزان پر تولتا ہوں۔ بے شک آرٹ کا مقصد ذوق حسن کی تقویت ہے اور وہ ہماری روحانی مسرت کی کنجی ہے لیکن ایسی کوئی ذوقی معنوی یا روحانی مسرت نہیں ہے جو اپنا افادی پہلو نہ رکھتی ہو۔ مسرت خود ایک افادی شے ہے اور ایک ہی چیز سے ہمیں افادیت کے اعتبار سے مسرت بھی ہے اور غم بھی۔ آسمان پر چھائی ہوئی شفق بے شک نہایت خوشنما نظارہ ہے لیکن اساڑھ میں اگر آسمان میں شفق چھا جائے تو وہ ہمارے لیے خوشی کا باعث نہیں ہو سکتی، کیونکہ وہ اکال کی خبر دیتی ہے۔''

۲۔ سجاد حیدر یلدرم کی نثر نگاری کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

۳۔ مولانا آزاد کے نثری اسلوب کی اہمیت واضح کیجیے۔

۴۔ افسانہ 'بوڑھی کاکی' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

۵۔ کرشن چندر کی افسانہ نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

۶۔ سعادت حسن منٹو کی افسانہ نگاری کی امتیازی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ افسانہ 'لاجونتی' کے مرکزی خیال پر اظہار خیال کیجیے۔

۸۔ شرر کے مضمون ''گذشتہ لکھنؤ'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔